# 10313 ـ عورت کا پازیب پہننا

**سوال**

کیا عورت کے لیے پاؤں میں سونے کے پازیب پہننا جائز ہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

عورت خوبصورتی کے لیے پنڈلی میں پازیب پہن سکتی ہے، لیکن وہ اجنبی اور غیر محرم مردوں کے سامنے اسے حرکت نہیں دے سکتی تا کہ یہ ان کے سامنے ظاہر نہ ہو، جیسا کہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

اور وہ اپنے پاؤں زور زور سے زمین پر نہ مار کر نہ چلیں کہ ان کی پوشیدہ زینت معلوم ہو جائے النور ( 31 ).